اس کی باقی جلدیں بھی جلد از جلد طباعت سے آراستہ ہو کر منصہء شہود پر جلوہ افروز ہونگی۔ (راشد)

....

کتاب : منشورِ قرآن (مضامین قرآن کا سہ لسانی اشاریہ)

مئولف : عبدالحلیم ملک ضخامت : ۱۲۷۴ صفحات قیمت : درج نہیں

ناشر : عامر پبلیکیشنز اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن پاکستان۔ نور حیم آباد پنجند روڈ، مظفر گڑھ، پوسٹ کوڈ 34200

آسمانی صحائف اور دیگر مذاہب کی مقدس کتب میں قرآن مجید ہی وہ انفرادی کتاب ہے جو دیگر تمام کتب میں ہر لحاظ، ہر جہت سے منفرد اور مستند مانی جاتی ہے۔ اس کا ایک بڑا وصف جو اسے باقی مذاہب کی کتب سے امتیاز دلاتا ہے وہ اسکی جامعیت، عالمگیریت ہے۔ اسی باعث اسے مکمل دستور حیات اور ضابطہ اخلاق کا مجموعہ کہا جاتا ہے۔ قرآن میں رشد و ہدایت، پند و نصائح، نیک و بد میں تمیز کرنے، اقوامِ گزشتہ کے حالات، عبر و امثال کے بیانات کیساتھ ساتھ دنیا و آخرت میں کامیابی کی تمام باتیں درج ہیں۔ لیکن اسکے ساتھ اس میں علوم و فنون اور کائنات کے اسرار و رموز کا وہ عظیم دفتر موجود ہے۔ جسکی شرح اور توضیح گزشتہ پندرہ سو برس سے ہر دور اور ہر زمانے میں کی جاتی رہی ہے اسکے نتیجے میں آج عالم اسلام کے پاس ایک عظیم سرمایہ جمع ہو گیا ہے جسے اب بھی حرف آخر نہیں سمجھا رہا اور اس کتاب مقدسہ پر تا قیامت نت نئے انداز سے کام ہوتا رہیگا۔ اور یہی قرآن کا اعجاز ہے۔ زیر نظر تفسیری کاوش بھی اسی سلسلۃ الذھب کی ایک سنہری کڑی کا تسلسل ہے۔ لیکن جناب علامہ عبدالحلیم ملک صاحب نے جس جاں فشانی اور عرق ریزی سے ایک الگ انداز اور نئی جہت سے اس تفسیری انڈکس کو مرتب کیا ہے وہ صد لائق تحسین و تبریک ہے۔ آپ نے پورے قرآن کریم کو مختلف ابواب کے تحت تقسیم کیا ہے۔ قاری کو جس موضوع اور جس چیز کے متعلق فوری طور پر جاننے کی ضرورت ہو تو وہ ایک لمحے میں مطلوبہ موضوع پر آیت اور واقعہ اس سہ لسانی (اردو، عربی، انگلش) اشاریہ میں سے دیکھ سکتا ہے۔ آپ نے قرآن کی مختلف ہزاروں بکھری ہوئی آیات کو موضوعات کے تحت یکجا کر دیا ہے جو آپکا ایک بڑا علمی کارنامہ ہے۔ زیر تبصرہ کتاب "منشور قرآن" کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے جس میں مرتب نے تقریباً ساڑھے پانچ سو صفحات کا قیمتی اضافہ کیا ہے جس سے مرتب کی محنت اور کتاب مبین کے ساتھ آپ کے عشق و شغف کا پتہ چلتا ہے۔ "منشور قرآن" کے پہلے ایڈیشن کا الحق جلد ۳۳ شمارہ فروری ۹۸ میں بھی تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ (راشد)

....

کتاب : ماہنامہ تعمیر افکار کراچی مدیر مسئول : جناب مولانا ڈاکٹر میاں قادری حقانی صفحات : ۸۰

قیمت : ۱۵ روپے (فی شمارہ) پتہ : الیف ۳۴۳، بلاک ایف، نارتھ ناظم آباد کراچی پوسٹ کوڈ ۷۴۷۰۰